# SCHOOL-BASED ASSESSMENT (SBA) - 2025

# END-OF-YEAR ASSESSMENT

**SUBJECT: ISLAMIAT**

**FINAL TERM**

**GRADE-5**

**[Part A: 50 Marks Part B: 50 Marks Total: 100 Marks], Time = 3 hours**

**School Name:** ____________________

## ANSWER KEYS

| | | |
|---|---|---|
| Q. No.1 : c | Q. No.2 : a | Q. No.3 : c |
| Q. No.4 : a | Q. No.5 : c | Q. No.6 : a |
| Q. No.7 : b | Q. No.8 : b | Q. No.9 : d |
| Q. No.10 : b | Q. No.11 : a | Q. No.12 : a |
| Q. No.13 : d | Q. No.14 : d | Q. No.15 : c |
| Q. No.16 : b | Q. No.17 : d | Q. No.18 : d |
| Q. No.19 : a | Q. No.20 : a | Q. No.21 : d |
| Q. No.22 : d | Q. No.23 : d | Q. No.24 : a |
| Q. No.25 : d | | |

## ANSWERS / RUBRICS

**Question No: 26**

سوال نمبر26

**a ) When is the Jummah Salah offered? (2)**

نماز جمعہ کب ادا کی جاتی ہے ؟(2)

آئیٹم روبرک(اردو):

اگر طالب علم جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (2) نمبر دیئے جائیں۔ جزوی درست جواب پر (1) نمبر دیا جائے۔ بالکل غیر متعلقہ اور غلط جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

نمونے کے جواب کی ایک مثال

نماز جمعہ صرف جمعہ کے دن نماز ظہر کی جگہ ادا کی جاتی ہے۔

**Write a translation of a Hadith Mubarak on the merits of Friday. (3)**

جمعہ کے دن کی فضیلت پر ایک حدیث مبارک کا ترجمہ لکھیں۔(3)

آئیٹم روبرک(اردو):

اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (3) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 2 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

نمونے کے جواب کی ایک مثال:

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا

جمعہ کے دن میں ایک ایسی گھڑی ہوتی ہے جس میں کی گئی دعا اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے۔

**Mention four social norms to observe on Friday. (5)**

جمعہ کے دن کے چار معاشرتی آداب لکھیں۔ (5)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (5) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 4 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

نمونے کے جواب کی ایک مثال:

نماز جمعہ کی ادائیگی سے محبت، اتفاق و اتحاد کی فضا پروان چڑھاتی ہے۔

ایک دوسرے کے حالات سے آگاہی ہوتی ہے

جمعہ کے دن غسل کرنا، صاف ستھرے کپڑے پہننا اور خوشبو لگانا سنت ہے۔

جمعہ کے دن صدقہ دینا، مساکین کی مدد کرنا اور نیک اعمال انجام دینا بہت فضیلت والا عمل ہے۔ اس سے معاشرے میں محبت، ہمدردی اور خیر کا پیغام پہنچتا ہے۔

**Question No: 27**

سوال نمبر 27

**a ) What is meant by the journey of Miraj? (2)**

سفر معراج سے کیا مراد ہے؟ (2)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (2) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

نمونے کے جواب کی ایک مثال:

سفر معراج کے دو حصے ہیں۔ پہلا حصہ بیت اللہ سے مسجد اقصیٰ تک کا سفر ہے جسے اسرا کہا جاتا ہے جبکہ دوسرا حصہ بیت المقدس سے عرش معلیٰ تک کا سفر ہے جسے معراج کہتے ہیں۔

**What was the reaction of the disbelievers to the journey of Miraj? (4)**

معراج کے سفر کے بارے میں کفار کا کیا ردعمل تھا؟ (4)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (4) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 3 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

نمونے کے جواب کی ایک مثال:

معراج کے سفر سے واپسی پر نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے اس سفر کا ذکر کفار مکہ سے کیا تو انہوں نے اسے تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔ کچھ لوگ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آئے اور کہا کہ آپ کے صاحب حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ آسمانوں کی سیر یعنی معراج کا ذکر کر رہے ہیں۔ اس پر حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان سے کہا کہ اگر یہ الفاظ حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی زبان مبارک سے ادا ہوئے ہیں تو میں ان کی تصدیق کرتا ہوں۔

**What lesson do we learn from the journey of Miraj of Hazrat Muhammad Rasoolullah خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيۡہِ وَعَلٰى اٰلِہٖوَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ? (O4)**

حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے سفرِ معراج سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟ (4)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (4) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 3 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے سفرِ معراج سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ جو بھی اللہ کے دین اور اللہ تعالیٰ کے احکامات پر کاربند ہو گا اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ ہوتا ہے، اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے اس بندے کی حفاظت فرماتا ہے، اسے کامیابیوں سے نوازتا ہے، اس کی مدد اور نصرت فرماتا نیز غلبہ عطا کرتا ہے۔

**Question No: 28**

---

سوال نمبر 28

---

a ) What are the Islamic teachings regarding spending money?(2)

مال خرچ کرنے کے حوالے سے اسلامی تعلیمات کیا ہیں؟ (2)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (2) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر (1) نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ / غلط جواب پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی مثال
اسلام ہمیں خرچ کرنے میں اعتدال اختیار کرنے کا علم دیتا ہے۔ خرچ کرنے میں نہ تو فضول خرچی کی جائے اور نہ ہی بخل سے کام لیا جائے۔ مال کو جائز ضروریات پر خرچ کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

**Explain the need and importance of moderation. (3)**

کفایت شعاری کی ضرورت و اہمیت واضح کریں۔ (3)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم درست جواب لکھے تو اسے پورے (3) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 2 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ / غلط جواب پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی مثال
کفایت شعاری انفرادی و اجتماعی دونوں حوالوں سے اہمیت کی حامل ہے۔ کفایت شعاری اختیار کرنے سے زندگی آسان ہو جاتی ہے اور اجتماعی طور پر ملک کی ترقی و خوشحالی اور وسائل دولت کے بہترین
استعمال میں کفایت شعاری اپنا اہم کردار ادا کرتی ہے۔

**How can we improve the use of our country's resources by adopting moderation? (5)**

کفایت شعاری کو اپنا کر ہم اپنے ملکی وسائل کے استعمال کو کیسے بہتر بنا سکتے ہیں؟ (5)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (5) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 4 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ / غلط جواب پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی مثال
کفایت شعاری اختیار کرنے سے ہم اپنے ملکی وسائل کو بچا سکتے ہیں جو ضرورت کے وقت ہمارے بہت کام آسکتے ہیں جیسا کہ اگر ہم پانی کو بے دریغ ضائع نہ کریں، لکڑیوں اور درختوں کو زیادہ نہ کاٹیں۔
بجلی کو ضرورت کے مطابق استعمال کریں تو ہم اپنے ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔

**Question No: 29**

---

سوال نمبر 29

---

a ) What is the meaning of fulfillment of promise? (2)

ایفائے عہد کے کیا معنی ہیں؟ (2)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (2) نمبر دیے جائیں۔ جزوی / نامکمل درست جواب پر 1 نمبر دیا جائے. بالکل غلط / غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے۔

:نمونے کے جواب کی مثال

ایفائے عہد دو لفظوں سے مل کر بنا ہے-ایفا کا معنی پورا کرنا اور عہد کا معنی وعدہ کے ہیں-وعدہ پورا کرنے کو ایفائے عہد کہتے ہیں-

**What is the importance of fulfilling promise in the light of Hadith Mubarak?(3)**

حدیث مبارک کی روشنی میں ایفائے عہد کی کیا اہمیت ہے؟(3)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (3) نمبر دیے جائیں۔ جزوی / نامکمل درست جواب پر 1 تا 2 نمبر دیے جائیں. بالکل غلط / غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے۔

:نمونے کے جواب کی مثال

حدیث مبارک میں ہے کہ "جو شخص وعدے کی پابندی نہیں کرتا اس کا کوئی دین نہیں"۔

**Write down five results obtained from the fulfillment of promise.(5)**

ایفائے عہد کی پابندی سے حاصل ہونے والے پانچ نتائج تحریر کریں۔(5)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (5) نمبر دیے جائیں۔ جزوی / نامکمل درست جواب پر 1 تا 4 نمبر دیے جائیں. بالکل غلط / غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے۔

:نمونے کے جواب کی مثال

:ایفائے عہد کی پابندی سے حاصل ہونے والے نتائج درج ذیل ہیں

وعدہ پورا کرنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے۔

وعدہ پورا کرنے سے آپس میں یقین اور اعتماد بڑھتا ہے۔

وعدہ پورا کرنے سے معاشرے میں عزت بڑھتی ہے۔

وعدہ پورا کرنا زندگی میں کامیابی کی ضمانت ہے۔

وعدہ پورا کرنے سے ذہنی سکون ملتا ہے۔

**Question No: 30**

---

سوال نمبر 30

---

**a ) What is the importance of protecting human life in the light of Islamic teachings? (3)**

اسلامی تعلیمات کی روشنی میں انسانی جان کی حفاظت کی اہمیت کیا ہے؟(3)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (3) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 2 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

:نمونے کے جواب کی ایک مثال

اسلام میں کسی انسانی جان کی قدر و قیمت اور رحمت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ اس میں بغیر کسی وجہ کے ایک فرد کے قتل کو پوری انسانیت کے قتل کے مترادف قرار دیا ہے۔ اسلامی تعلیمات ہمیں یہ سکھلاتی ہیں کہ ہمیں خود بھی اس گناہ سے بچنا چاہیے اور دوسروں کو بھی محفوظ رکھنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:"جس نے کسی ایک جان کو بچایا تو اس نے گویا تمام انسانوں کو بچا لیا۔"

**What precautionary measures can we take to avoid natural disasters? Write three measures. (3)**

ناگہانی آفات سے بچنے کے لیے ہم کون کون سی احتیاطی تدابیر اختیار کر سکتے ہیں؟ تین تدابیر تحریر کریں۔(3)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (3) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 2 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

:نمونے کے جواب کی ایک مثال

سڑک پار کرتے ہوئے جلد بازی نہ کی جائے۔

حادثے کی صورت میں ڈاکٹر سے رجوع کیا جائے۔

وبا کی صورت میں ڈاکٹروں کی ہدایت پر عمل کیا جائے۔

**What did Hazrat Muhammad Rasoolullah خَاتَمُ النَّبِيّٖن صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْہِ وَعَلٰى اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ say in the case of a natural disaster? (4)**

حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے ناگہانی آفت کی صورت میں کیا فرمایا؟ (4)

آئیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (4) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 3 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

:نمونے کے جواب کی ایک مثال

دین اسلام ناگہانی آفات کی صورت میں انسانی جان کی تحفظ کی ترغیب دیتا ہے۔

نبی اکرم حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: "جب تم کسی علاقے میں وبا کے بارے میں سنو تو اس میں نہ جاؤ اور اگر کسی علاقے میں وبا پھیل جائے تو تم اس میں ہو تو اس سے باہر نہ نکلو۔"